# 10 پکائیں، کھائیں



تصویر میں جن خانوں میں نقطے (•) لگے ہیں۔ان خانوں میں رنگ بھرو۔
کیا کیا اُبھر کر آیا؟

_______________ _______________ _______________ _______________


_______________ _______________ _______________ _______________

© NCERT not to be republished

تم نے تصویر میں کھانا پکانے کے کئی برتن ڈھونڈ لئے ہوں گے۔ کیا تمہارے گھر میں ان کے علاوہ کچھ اور برتنوں کا بھی استعمال ہوتا ہے؟ وہ کون سے ہیں؟



برتن کن کن چیزوں کے بنے ہوتے ہیں؟



اپنے بزرگوں سے معلوم کرو پہلے کس طرح کے برتن زیادہ کام میں آتے تھے۔ وہ کس چیز کے بنے ہوتے تھے؟



ہم کھانے کی ہر چیز کو پکا کر نہیں کھاتے۔ معلوم کرو کہ ہم کن چیزوں کو کچا کھاتے ہیں اور کن کو پکا کر۔ کن چیزوں کو کچا یا پکا دونوں طرح سے کھایا جاتا ہے۔ دیئے گئے خانوں میں بھرو۔

| کچی کھائی جانے والی چیزیں | پکا کر کھائی جانے والی چیزیں | کچی اور پکا کر کھائی جانے والی چیزیں |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

© NCERT not to be republished

تم نے باورچی خانہ میں روٹی بنتے دیکھی ہے نا۔اس کے لئے کتنے کام کرنے پڑتے ہیں۔آٹے کو برتن میں نکالنا، اُسے گوندھنا، آٹے کے چھوٹے چھوٹے پیڑے بنانا، پیڑے کو بیلنا اور پھر سینکنا۔اتنے سارے کام کرنے کے بعد روٹی تمہاری پلیٹ میں آتی ہے۔

اب تم باورچی خانہ میں جا کر کسی ایک چیز کو پکتے دیکھو۔اُسے پکانے کے لئے کیا کیا گیا؟ ترتیب وار لکھو۔چیز کا نام لکھنا مت بھولنا۔اپنے کچھ ساتھیوں کی کاپیاں دیکھو۔گروپ میں اس پر بات چیت کرو۔

چیز کا نام ____________

1۔ ____________ 2۔ ____________ 3۔ ____________

4۔ ____________ 5۔ ____________ 6۔ ____________

تم نے دیکھا، کھانے کی چیزیں طرح طرح سے پکائی گئی ہیں۔کوئی سینک کر تو کوئی تل کر۔کسی کو بھونتے ہیں،تو کسی کو بھاپ میں پکاتے ہیں۔

دیئے گئے پکانے کے طریقے کے سامنے دو دو چیزوں کے نام لکھو۔ جو اس طریقہ سے پکائی جاتی ہیں۔ اس فہرست میں کچھ اور طریقہ جوڑو اور ان کی مثالیں بھی لکھو۔

| پکانے کا طریقہ | چیزوں کے نام | |
|---|---|---|
| بھون کر | ____________ | ____________ |
| اُبال کر | ____________ | ____________ |
| تل کر | ____________ | ____________ |
| سینک کر | ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ | ____________ |


گھر کے افراد سے بات چیت کر کے بچے اپنی معلومات میں اضافہ کریں۔جس سے یہ واضح ہو سکے کہ استانی کے علاوہ اور لوگ بھی معلومات میں اضافہ کرنے کا ذریعہ ہو سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

* تمہارے گھر میں کھانا کس طرح پکایا جاتا ہے؟ اس کی تصویر کاپی میں بناؤ اور اس کا نام لکھو۔
* نیچے دی گئی تصویروں کو پہچان کر ان کے نام لکھو۔ ان کو جلانے میں کس ایندھن کا استعمال ہوتا ہے؟ صحیح جوابوں کو لائن کے ذریعے جوڑو۔ میلان ایک سے زیادہ چیزوں سے ہوسکتا ہے۔







مٹی کا تیل

کوئلہ

بجلی


گیس


دھوپ

لکڑی

اُپلے







© NCERT not to be republished

کھانا پکانے کے الگ الگ طریقوں پر بچوں کے اپنے تجربات دلچسپ ہو سکتے ہیں۔ گھروں میں استعمال کئے جانے والے ایندھن سے ماحول پر اثر پڑنے پر بھی گفتگو کی جاسکتی ہے۔

## بنائیں اور کھائیں

ثابت مونگ کو پانی میں رات بھر بھگو دیں۔ صبح اُنہیں گیلے کپڑے میں لپیٹیں اور ڈھک کر کسی برتن میں رکھیں۔ ایک دو دن بعد اسے کھول کر دیکھیں۔ کیا ان میں کچھ فرق دکھائی دیتا ہے؟

ان میں کچھ کٹی ہوئی پیاز، ٹماٹر، نمک اور لیموں کا رَس ملاؤ۔ کلاس میں مل بانٹ کر کھاؤ۔

ایسی اور کون سی چیزیں ہیں جنہیں تم بغیر پکائے تیار کر سکتے ہو؟ نیچے ان کے نام اور طریقے بھی لکھو۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | لیموں کا شربت | پانی میں شکر گھولنا | ← | لیموں ڈالنا | ← | چھاننا | ← | شربت تیار ہے |
| 2۔ | ________ | | ← | | ← | | ← | |
| 3۔ | ________ | | ← | | ← | | ← | |

© NCERT not to be republished

بچوں کو مل جل کر کھانے کی چیزیں بنانے میں مزہ آتا ہے، وہ اپنے رہن سہن و ماحول کے مطابق کچھ چیزیں بنا سکتے ہیں۔